# جنرل سائنس کے سوالات

## امتحانی طریقہ کار:۔

1۔جنرل سائنس کا نصاب 4 ابواب ہیں۔ ہر باب سے 15،15 سوالات لیے گئے ہیں۔

2۔انہی 60 سوالات سے طالب علم کا امتحان لیا جائے گا۔اپنے پاس سے سوال بنا کر نہیں پوچھا جائے گا۔

3۔طالب علم سے 30 سوالات پوچھے جائیں گے جن میں 25 کے درست جواب دینے پر پورے نمبر دیئے جائیں گے۔ ہر سوال 2 نمبر کا ہو گا۔یوں کل نمبر 50 ہوں گے۔

4۔امتحان لیتے وقت اس بات کو پیش نظر رکھا جائے کہ ہر باب سے کم و بیش 7،8 سوال کیے جائیں تا کہ توازن کی صورت رہے۔

5۔یہ فائل طالب علم کو اس کتاب کے آغاز میں ہی دے دی جائے تا کہ وہ ساتھ ساتھ تیاری مضبوط انداز میں کرتے رہیں۔

## 1۔سائنس کا تعارف و کردار

**سوال نمبر 1:۔لفظ سائنس کو کہاں سے اخذ کیا گیا ہے؟**

جواب:۔سائنس ایک لاطینی لفظ (scientia) سے اخذ کیا گیا ہے جس کا لغوی معنی حقائق کا اصلی شکل میں باقاعدہ مطالعہ کرنا ہے۔

**سوال نمبر 2:۔سائنس کی تاریخ کا آغاز کب ہوا تھا؟**

جواب:۔انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی سائنس کی تاریخ کا آغاز ہو گیا تھا۔

**سوال نمبر 3:۔کون سا دور اسلامی کیمیا گری کا دور کہلاتا ہے؟**

جواب:۔600 سے 1400 سن عیسوی کا دور اسلامی کیمیا گری کا دور کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 4:۔دور جدید کے 3 سائنس دانوں کے نام بیان کریں؟**

جواب:۔ گلیلیو، آئزک نیوٹن، گریگر مینڈل، ایڈیسن، مارکونی، آئن سٹائن وغیرہ جدید دور کے سائنس دان کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر5:۔ علم کیمیا کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟**

جواب:۔ جابر بن حیان کو علم کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر6:۔ جابر بن حیان کی 2 کتابوں کے نام بتائیں؟**

جوب:۔ الکتاب۔ الخالص۔ الکیمیا

**سوال نمبر7:۔ کوئی سے 3 مسلم سائنس دانوں کے نام بیان کریں؟**

جواب:۔ جابر بن حیان۔ محمد بن زکریا الرازی۔ ابن الہیثم۔ البیرونی۔ بو علی سینا

**سوال نمبر8:۔ ابن الہیثم کی مشہور کتاب کا نام بیان کریں؟**

جواب:۔ کتاب المناظر

**سوال نمبر9:۔ البیرونی کن موضوعات میں ایک مستند نام کی حیثیت رکھتے ہیں؟**

جواب:۔ البیرونی ہیئت، ریاضیات، جغرافیہ اور تاریخ کے موضوعات میں مستند نام کی حیثیت رکھتے ہیں۔

**سوال نمبر10:۔ طب کے موضوع پر بو علی سینا کی کتاب کا نام بیان کریں؟**

جواب:۔ القانون فی الطب

**سوال نمبر11:۔ کوئی سے 3 پاکستانی سائنس دانوں کے نام بیان کریں؟**

جواب:۔ عبد السلام۔ عبد القدیر خان۔ منیر احمد خان۔ عطاء الرحمن۔ ثمر مبارک مند۔ اشفاق احمد

**سوال نمبر12:۔ فزکس کیا ہے؟**

جواب:۔ فزکس وہ علم ہے جو بالخصوص مادی اشیاء اور ان کی توانائی وغیرہ سے متعلق ہوتا ہے۔

**سوال نمبر13:۔ کیمسٹری کیا ہے؟**

جواب:۔ کیمسٹری سائنس کی وہ شاخ ہے جس میں مختلف اشیاء کی ماہیت، ترکیب اور ان کے کیمیائی خواص کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

### سوال نمبر14:۔ بائیولوجی کیا ہے؟

جواب:۔ سائنسی طریقوں سے جانداروں کا مطالعہ کرنے کے علم کو بائیولوجی کہتے ہیں۔

### سوال نمبر15:۔ باٹنی کیا ہے؟

جواب:۔ پودوں کے متعلق علم کو باٹنی یعنی علم نباتات کہتے ہیں۔

## 2۔ماحول اور قدرتی وسائل

سوال نمبر1:۔ لیتھاسفیئر کی موٹائی بیان کریں؟

جواب:۔ لیتھاسفیئر کی موٹائی تقریبا200 کلو میٹر ہے۔

سوال نمبر2:۔ لیتھاسفیئر کو کتنی تہوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب:۔ چار تہوں میں

سوال نمبر3:۔ کلورو فلورو کاربنز کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ فریج، ایئر کنڈیشنرز، سپرے کے ڈبوں اور پیکنگ فورم کے کارخانوں سے کچھ کیمیکل خارج ہوتے ہیں جنہیں کلورو فلورو کاربنز کہتے ہیں۔

سوال نمبر4:۔ گرین ہاؤس کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ گرین ہاؤس شیشے کے بنے ہوئے کمرے کو کہتے ہیں جس میں پودے اگائے جاتے ہیں۔

سوال نمبر5:۔ آلودگی سے کیا مراد ہے؟

جواب:۔ آلودگی سے مراد ہوا، زمین اور پانی کی خصوصیات میں ایسی ناخوشگوار تبدیلی ہے جس سے انسان اور دوسرے جانداروں کی زندگی پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں یا مستقبل میں ہونے کا اندیشہ ہو۔

سوال نمبر 6:۔ آلودگی کی کون کون سی اقسام ہیں؟

جواب:۔ فضائی۔ آبی۔ زمینی

سوال نمبر 7:۔ سموگ کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ دھوئیں میں موجود بھورے رنگ والی نائٹروجن پر آکسائیڈ روشنی میں دوسری گیسوں سے مل کر ایک مرکب بناتی ہے جسے سموگ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 8:۔ کن چیزوں کو فوسل فیولز کہا جاتا ہے؟

جواب:۔ کوئلہ، تیل اور گیس کو فوسل فیلز کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 9:۔ قدرتی گیس کن گیسوں کا مجموعہ ہے؟

جواب:۔ قدرتی گیس مختلف گیسوں کا مجموعہ ہے جن میں میتھین، ایتھین اور پروپین وغیرہ شامل ہیں۔

سوال نمبر 10:۔ پاکستان کی کتنی آبادی زراعت سے منسلک ہے؟

جواب:۔ پاکستان کی آبادی تقریبا60٪ بالواسطہ یابلاواسطہ زراعت سے منسلک ہے۔

سوال نمبر 11:۔ جنگلی حیات کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ کسی علاقے کی تمام نباتات اور غیر پالتو جانور جنگلی نباتات کہلاتے ہیں۔

سوال نمبر 12:۔ پاکستان میں کون کون سے جانور معدوم ہو چکے ہیں؟

جواب:۔ چیتا، کالا ہرن، جنگلی گدھا، گھڑیال اور گلابی سر والی بطخ معدوم ہو چکے ہیں۔

سوال نمبر 13:۔ نیشنل پارکس سے کیا مراد ہے؟

جواب:۔ نیشنل پارک ایسے قدرتی علاقے ہوتے ہیں جو اپنی قدرتی حالت میں اپنی قدرتی نباتات اور حیوانات سمیت آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ کیے جاتے ہیں۔

سوال نمبر 14:۔ پاکستان کی سالانہ اوسط شرح اضافہ آبادی کیا ہے؟

جواب:۔ 2.6 فیصد

سوال نمبر 15:۔ کسی قوم کے معیار زندگی کے اعلیٰ و ادنیٰ ہونے کا اندازہ کن چیزوں سے لگایا جاتا ہے؟

جواب:۔ تعلیم، صحت، خوراک، رہائش اور دیگر سہولتوں مثلاً صاف پانی اور بجلی وغیرہ کی فراہمی سے

## 3۔ انرجی

سوال نمبر 1:۔ انرجی کی تعریف بیان کریں؟

جواب:۔ کسی جسم کے کام کرنے کی صلاحیت کو انرجی کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ انرجی کا یونٹ کیا ہے؟

جواب:۔ انرجی کا یونٹ "جول" ہے۔

سوال نمبر 3:۔ انرجی کی 3 قسموں کے نام بیان کریں؟

جواب:۔ کائی نیٹک انرجی۔ پوٹینشل انرجی۔ کیمیکل انرجی۔ حرارتی انرجی۔ روشنی کی انرجی۔ الیکٹریکل انرجی۔ نیوکلیئر انرجی

سوال نمبر 4:۔ حرارتی انرجی کا سب سے بڑا ماخذ کیا ہے؟

جواب:۔ سورج

سوال نمبر 5:۔ پتے کس کے عمل سے خوراک تیار کرتے ہیں؟

جواب:۔ پودوں کے پتے "فوٹو سینتھی سیز" کے عمل سے خوراک تیار کرتے ہیں۔

سوال نمبر 6:۔ انرجی کا سب سے بڑا استعمال کس انرجی کی شکل میں ہوتا ہے؟

جواب:۔ انرجی کا سب سے بڑا استعمال "الیکٹریکل انرجی" کی شکل میں ہوتا ہے۔

سوال نمبر7:۔ہائیڈرو الیکٹرک پاور کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ بہتے پانی کی کائی نیٹک انرجی کو الیکٹریکل انرجی میں تبدیل کرنے کو ہائیڈرو الیکٹرک پاور کا نام دیا جاتا ہے۔

سوال نمبر8:۔الیکٹریسٹی پیدا کرنے کے 2 غیر روایتی طریقوں کے نام بیان کریں؟

جواب:۔ سولر پاور۔ونڈ پاور۔ٹائڈل پاور۔جیو تھرمل پاور

سوال نمبر9:۔kwh کس چیز کا سمبل ہے؟

جواب:۔کلوواٹ آور (kilo .watt hour)

سوال نمبر10:۔ایک کلوواٹ آور انرجی کی کیا مقدار ہے؟

جواب:۔ایک کلوواٹ آور انرجی کی وہ مقدار ہے جو 1000 واٹ پاور کی شے ایک گھنٹے میں صرف کرتی ہے۔

سوال نمبر11:۔گیس کے بل کس بنیاد پر وصول کیے جاتے ہیں؟

جواب:۔آج کل گیس کے بل "کیوبک میٹر" کی بجائے BTU (british thermal unit) کی بنیاد پر وصول کیے جاتے ہیں.

سوال نمبر12:۔پولیوشن کی تعریف بیان کریں؟

جواب:۔ہوا، پانی اور زمین کی سطح پر ہونے والی ناخوشگوار تبدیلی جس سے انسان اور دوسرے جانداروں کی زندگی اور پودوں پر بُرے اثرات مرتب ہوں، پولیوشن کہلاتی ہے۔

سوال نمبر13:۔ریڈی ایشن سے کیا مراد ہے؟

جواب:۔ریڈی ایشن سے مراد الفا، بیٹا اور گیما ریز ہیں۔

سوال نمبر14:۔ریڈی ایشن سے کون سے امراض لاحق ہو سکتے ہیں؟

جواب:۔اس سے جلدی بیماریاں اور کینسر جیسے مہلک امراض لاحق ہو سکتے ہیں۔

سوال نمبر15:۔برازیل نے کون سا کامیاب تجربہ کیا ہے؟

جواب:۔ گاڑیوں کو الکوحل پر چلانے میں برازیل کامیاب تجربہ کر چکا ہے۔

## بنیادی الیکٹرونکس

سوال نمبر 1:۔ زمانہ ماضی میں ریڈیو کتنا بڑا ہوا کرتا تھا؟

جواب:۔ کبھی ریڈیو اتنا بڑا ہوتا تھا کہ دو آدمی مل کر اٹھایا کرتے تھے۔

سوال نمبر 2:۔ زمانہ ماضی میں کمپیوٹر کی کیا صورت تھی؟

جواب:۔ زمانہ ماضی میں کمپیوٹر کئی کمروں میں سماتا تھا۔

سوال نمبر 3:۔ ریکٹی فلیکشن کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ اے سی وولٹیج کو ڈی سی میں تبدیل کرنے کے عمل کو ریکٹی فلیکشن کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4:۔ ریڈیو اسٹیشن کیوں بنائے جاتے ہیں؟

جواب:۔ آواز کو زیادہ دور تک لے جانے کے لیے ریڈیو ویوز کا سہارا لیا جاتا ہے اس مقصد کے لیے ریڈیو سٹیشن بنائے جاتے ہیں۔

سوال نمبر 5:۔ کلر ٹیلی ویژن کا کچھ پراسس بیان کیا جائے؟

جواب:۔ کلر ٹیلی ویژن میں تین الیکٹرون گنز ہوتی ہیں یہ ایک ہی وقت میں سکرین پر سرخ، سبز اور نیلی تصاویر بناتی ہیں جو آپس میں مل کر خوبصورت رنگین تصویر کا روپ ڈھال لیتی ہے۔

سوال نمبر 6:۔ ہوورنگ سیٹلائیٹس کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ ایسے سیٹلائیٹس جو کسی خاص پوزیشن پر ساکن محسوس ہوں ہوورنگ سیٹلائیٹس کہلاتے ہیں۔

سوال نمبر 7:۔ زمین سے سیٹلائیٹ کو سگنل بھیجنے کے لیے کون سی ویوز استعمال ہوتی ہیں؟

جواب:۔ زمینی سٹیشن سے سیٹلائیٹ کو سگنل بھیجنے کے لیے مائیکروویوز استعمال کی جاتی ہیں۔

سوال نمبر 8:۔ کمپیوٹر کی وجہ سے دنیا کو کیا کہا جانے لگا ہے؟

جواب:۔ کمپیوٹر کی وجہ سے دنیا اتنی چھوٹی ہو گئی ہے کہ اسے گلوبل ویلج کہا جانے لگا ہے۔

سوال نمبر 9:۔ سی ڈی (CD) سمبل سے کیا مراد ہے؟

جواب:۔ کمپیکٹ ڈسک

سوال نمبر 10:۔ اینالوگ مقداریں کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ ایسی مقداریں جو ایک تسلسل سے بڑھتی اور کم ہوتی ہیں اینالوگ مقداریں کہلاتی ہیں۔

سوال نمبر 11:۔ ٹیلی کمیونیکیشن کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ دور دراز فاصلوں تک معلومات کی فوری ترسیل کے لیے استعمال کیے جانے والے طریقے کو ٹیلی کمیونیکیشن کہتے ہیں۔

سوال نمبر 12:۔ موبائل فون کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب:۔ سیل سسٹم کی وجہ سے موبائل فون کو سیلولر (Cellular) ٹیلیفون بھی کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 13:۔ کمیونیکیشن کے 3 بنیادی اجزاء کون سے ہیں؟

جواب:۔ 1۔ انفارمیشن بھیجنے والا ڈیوائس　　2۔ میڈیم یا لنک　　3۔ انفارمیشن موصول کرنے والا ڈیوائس

سوال نمبر 14:۔ پروٹوکول کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ انٹرنیٹ سے منسلک کمپیوٹرز ایک دوسرے سے رابطہ کے لیے یکساں کمیونیکیشن کا طریقہ استعمال کرتے ہیں اس کو پروٹوکول کہتے ہیں۔

سوال نمبر 15:۔ ای میل کی تعریف بیان کریں؟

جواب:۔ انٹرنیٹ کا ایک بڑا استعمال تیز رفتار پیغام رسانی ہے جسے ای میل کہتے ہیں۔